ہے۔ قارئین کرام کو بازار میں غیر معیاری، غیر اخلاقی اور وضعی قصے کہانیوں پر مشتمل رسائل تو عام دیکھنے کو ملیں گے، لیکن صحیح اسلامی تعلیم و تربیت اور سچے حقائق و واقعات سے آراستہ مجلات کم ہی نظر آئیں گے۔ پیش نگاہ مجلہ سلفی روایات کا سمبردار، محدثین کرام کا پیامبر، مسلک اہل حدیث کا نقیب اور جامعہ سلفیہ اسلام آباد کا آرگن رسالہ ہے۔

اس مجلہ کے مدیر ڈاکٹر حافظ طاہر محمود ہیں۔ انہوں نے نہایت محنت اور سلیقے سے اسے مرتب کیا ہے اور اس میں دعوتی، اصلاحی، تحقیقی، معلوماتی اور فکری مضامین شامل کیے ہیں۔ یہ شمارہ نقش اول ہے اور الجامعۃ السلفیہ اسلام آباد کا ترجمان۔ اُمید واثق ہے کہ آئندہ اشاعتوں میں اس مجلہ کا معیار مزید بہتر ہوگا اور اس میں علمی و تحقیقی مضامین پیش کیے جائیں گے۔ آج جبکہ ہر سو الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کی یلغار ہے، یہ رسالہ دعوت دین کو عمدگی سے پیش کرے گا۔ قارئین کو چاہیے کہ وہ اس رسالے کو خود بھی پڑھیں اور احباب کے نام جاری بھی کروائیں۔ یہ نیکی کا کام ہے، اس میں دامے درمے قدمے سخنے حصہ لینا چاہیے۔ اس قدر خوبصورت مجلہ شائع کرنے پر ہم ڈاکٹر طاہر محمود صاحب اور احباب جامعہ سلفیہ اسلام آباد کو ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆.....☆.....☆

نام کتاب: سفرنامہ پنجاب
بقلم: محمد یوسف نعیم
صفحات: 48 قیمت: 50 روپے صرف
ناشر و ملنے کا پتہ: فضلی بک سپر مارکیٹ اُردو بازار کراچی

(۲) کتاب سرائے، فرسٹ فلور، الحمد مارکیٹ غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور۔

انسان شروع دن سے سیر و سیاحت کا دلدادہ رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ رب العزت نے قرآن حکیم میں فسیروا فی الارض فانظروا کیف کان عاقبۃ المکذبین کہہ کر اپنی نشانیاں دیکھنے کی ترغیب دی ہے۔ پھر سفرناموں کی اپنی ایک تاریخ ہے۔ بہت سے اہل قلم نے اپنے اسفار کو قلمبند کیا ہے۔ آج اُردو ادب میں ایک بہت بڑا ذخیرہ سفرناموں کا ہے جو کتابی صورت میں شائع ہو کر قارئین کے مطالعہ میں آچکے ہیں۔ زیر نگاہ ''سفرنامہ پنجاب'' بھی اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے۔ اس میں ہمارے

فاضل دوست مولانا محمد یوسف نعیم صاحب نے راجن پور، جام پور، ڈی جی خان، ملتان اور رینالہ خورد کے اپنے سفر کی روئیداد کو بیان کیا ہے۔ اور ان شہروں میں واقع بعض کتب خانوں، لائبریریوں، راہم شخصیات کا تعارف بھی کرایا ہے۔ آپ بیتی غایہ سفر نامہ بہت دلچسپ ہے اور قاری کے ذوق طبع کا اس میں پورا سامان موجود ہے۔ نعیم صاحب نے اس سفر نامے میں سفر کے آداب، سفر کی دعائیں وغیرہ بھی لکھی ہیں اور سفری صعوبتوں کا تذکرہ کر کے ٹرانسپورٹروں کو مفید مشورے بھی دیئے ہیں۔ اس سفر نامے میں سفر کے ساتھ ساتھ ان کی آپ بیتی بھی چلتی ہے اور پرانی یادوں کو بھی وہ کریدتے چلے جاتے ہیں۔ کتاب کے صفحات 8+ در قیمت اس گرانی کے دور میں بہت زیادہ ہے۔ اُمید ہے نعیم صاحب اس طرف بھی توجہ فرمائیں گے۔ بہر حال کتاب اپنے مشمولات کے اعتبار سے خوبصورت ہے۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆.....☆.....☆

ماہنامہ "محدث" کا تصویر نمبر

تصویر کی شرعی حیثیت پر علماء کرام میں ہمیشہ علمی بحث جاری رہی ہے۔ اکثر علماء اس کی حرمت کے قائل ہیں۔ البتہ ضطراری حالت میں مثلاً شناختی کارڈ، پاسپورٹ وغیرہ میں بامر مجبوری اجازت دیتے ہیں۔

الیکٹرونک میڈیا پر تصویر کا شرعی حکم کیا ہے۔ دین کی دعوت وتبلیغ کے لیے اس کا استعمال کیا ہے؟ ان سوالات پر تفصیلی بحث "محدث" کے تصویر نمبر میں کی گئی ہے۔ اور اس کے شافی جوابات دیئے گئے۔ مختلف مکاتب فکر کے علماء نے اپنی اپنی رائے کا بھرپور ذکر کیا ہے۔ مسئلہ تصویر پر ماہنامہ "محدث" کی یہ کاوش قابل قدر ہے۔ محدث کے مدیر حافظ حسن مدنی علمی اور تحقیقی حلقوں میں جانا پہنچانا نام ہے۔ اور محدث کا ہر شمارہ تحقیق اور محنت کے ساتھ مرتب کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی مساعی جمیلہ کو قبول فرمائے۔

مسئلہ تصویر اور تبلیغ اسلام پر مجلس مذاکرہ کی متفقہ قرارداد لائق تحسین ہے۔ جس پر ممتاز علماء کرام نے دستخط کیے ہیں۔ امید ہے اس مسئلہ پر مزید بحث کی بجائے عملی اقدام اٹھائیں جائیں۔ اور جدید ذرائع کو اسلام کی تبلیغ اور دفاع میں استعمال کیا جائے۔ اللہ تعالیٰ اخلاص عمل کی دولت سے نوازے۔ آمین۔ (ادارہ)